106457-روزوں کے فدیے کا کھانا غیر مسلموں کو کھلا سکتا ہے؟

سوال

ایک بیمار شخص پر روزوں کے فدیے میں کھانا کھلانا فرض ہے، تو کیا یہ کھانا غیر مسلموں کو دیا جا سکتا ہے؛ کیونکہ وہ شخص غیر مسلم ملک میں رہتا ہے۔

پسندیدہ جواب

"اگر انسان کسی غیر اسلامی ملک میں ہو اور اس پر فدیے میں کھانا کھلانا واجب ہو جائے تو اگر اسی ملک میں مستحق مسلمان بھی موجود ہوں تو انہیں کھانا کھلا دے، وگرنہ فدیے کو کسی ایسے مسلمان ملک میں تقسیم کروائے جہاں کے مسلمانوں کو کھانے کی ضرورت ہے۔ واللہ اعلم" ختم شد
"مجموع فتاوی ابن عثیمین" روزوں سے متعلقہ فتاوی (112)۔

واللہ اعلم